## مقدسہ مریم خدا کی ماں

عدد 27-22:6 زبور:66

غلاطیوں 7-4:4 مقدس لوقا 21-16:2

**''اور دیکھ کر وہ بات بتائی جو اس بچے کے حق میں اُن سے کہی گئی تھی''۔مقدس لوقا 17:2**

فرشتے کے ذریعے، چرواہوں کو کہا گیا تھا'' دیکھو میں تمہیں بڑی خوشی کی بشارت دیتا ہوں ۔۔۔آج داؤد کے شہر میں تمہارے لئے ایک منجی پیدا ہوا ہے۔وہ مسیح خداوند ہے''۔

وہ یہ خوشخبری مقدسہ مریم کو دینے آتے ہیں۔جبکہ وہ بچہ یسوعؔ کے سامنے سربسجود تھی۔آپ کے لئے مقدسہ مریم خدا کی ماں اور ہماری ماں ایک مثال ہے جو ہمیں خداوند یسوعؔ مسیح اپنے بیٹے کے خوش باش گواہ بننے میں مدد کرتی ہے۔





## مقدس بیزل اعظم اور مقدس گریگوری نازی انیزن بشپ اور کلیسیاء کا معلم

مقدس یوحنا رسول کا پہلا خط 28-22:2 زبور:97

مقدس یوحنا 28-19:1

**''خداوند کی راہ کو سیدھا بناؤ''۔ یوحنا 23:1**

مقدس یوحنا اشعیاہ نبی کے الفاظ دہراتے ہوئے ہمیں دعوت دیتا ہے۔کہ ہم پورے عزم کے ساتھ خداوند کی راہوں پر چلیں۔خداوند کی راہ ایمان، حلیمی اور خدمت کی راہ ہے۔آج ہمارے حوصلے بڑھانے کے لئے مقدس بیزل اور گریگوری ہمیں خداوند یسوع مسیح کی محبت اُور چنی ہوئی راہ دکھاتے ہیں جو کہ خداوند کی راہ ہے۔

## یسوع کے پاک نام کی عید

1۔ یوحنا 29:2, 6:3 زبور: 97

### مقدس یوحنا 34-29:1

**"یہ وہی ہے جو روح القدس سے بپتسمہ دیتا ہے"۔ مقدس یوحنا 33:1**

یسوع کا یہ تعارف یوحنا بپتسمہ دینے والے کی شہادت ہے۔ جو وہ اپنے شاگردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے اِس میں ہمارے لئے یسوعؑ جی اُٹھے کے ساتھ متحد رہنے کی دعوت ہے۔ جو کہ مختلف طرح سے اپنی کلیسیاء میں حاضر اور ناظر ہے۔ اپنے کلام کے ذریعے، یوخرست کے ساکرامنٹ کے ذریعے اور اپنے ایمانداروں کے متحد ہونے میں۔





1۔ یوحنا 10-7:3 زبور 97

### مقدس یوحنا 42-35:1

**"تو کیفا کہلائے گا۔ یعنی پطرس"۔ مقدس یوحنا 42:1**

یسوع اپنے پہلے شاگردوں میں سے ایک کو نیا نام دے رہا ہے۔ ایک نام جو وہ اپنی کلیسیاء میں خدمت کے طور پر دیتا ہے کہ وہ چٹان ہوگا۔ جو اپنے بھائیوں کے لئے ان کے ایمان کو سہارا دیگا۔ آپکے لئے بھی یسوع کے دل میں ایک نیا نام تیار ہے کیا آپ کو اس کو ڈھونڈ نکالنے کی خوشی ملی۔ کیا آپ کو اس نئے نام کو پا لینے کی خوشی ملی؟

**1۔یوحنا 3:11-21** **زبور:99**

**مقدس یوحنا 1:43-51**

## "فیلبوس نے اس سے کہا۔آ اور دیکھ لے" مقدس یوحنا 1:46

اے یسوع میں نے دیکھا ہے کہ تو کہاں رہتا ہے جہاں بھائی آپس میں محبت رکھتے اور ایک دوسرے کے لئے جیتے ہیں اور تو ان کا استاد اور مالک ہے۔

ہر روز رسولوں کی تعلیمات سننے، روٹی توڑنے اور دُعا کرنے میں شریک ہوتے ہیں۔ تیرے پیار میں متحد زندگی گزارتے اور ہر چیز کو اکٹھا رکھتے ہیں۔





# یسوع کے ظہور کی عید

**اشعیاہ 60:1-6** **زبور:71**

**افسیوں 3:2-3, 5-6** **مقدس متی 2:1-12**

## "ایک ستارہ اُن پر ظاہر ہوا" مقدس متی 2:9

اس بہت بڑی عید کے موقع پر ہر چیز روشنی کا ذکر کرتی ہے: ایک چھوٹی سی روشنی جو ظاہر ہوئی وہ یسوع نورِ عظیم کی طرف لے جاتی ہے۔

تیری مہربانی اے روحِ اقدس جو ہمیشہ نئے ذرائع سے دلوں کو خداوند یسوع مسیح کی طرف لے جاتا ہے۔اُس کے حیرت انگیز اور سب سے خوبصورت کام میں بھی، کسی نہ کسی کو تیری طرف لانے کے لئے اپنے آپ کو پیش کرتا ہوں۔

## پینافورٹ کا رائمنڈ

1۔یوحنا 6:4:22:3 زبور:2

مقدس متی 25-23,17-12:4

**"بڑا ہجوم اِس کے پیچھے جانا شروع ہوگیا"۔مقدس متی 25:4**

بہت بڑا ہجوم اِس کے پیچھے چلنا شروع ہوگیا کیونکہ انہوں نے یسوع میں اپنے مصائب اور مشکلات اور اپنی بے راہ روی کے اندھیروں میں اُمید کی ایک کرن دیکھی اور خود میں نے خداوند کے پیار کا تجربہ کیا۔کیا تم نے بھی اس پیار کا لطف اُٹھایا؟ اگر میں بے دھیان نہ ہوا تو آج میں بھی اس پیار کا تجربہ کرونگا۔





## یسوع کا بپتسمہ

اشعیاء 7-6,4-1:42 زبور:28

رسولوں کے اعمال 38-34:10 مقدس متی 17-13:3

**"اس نے خداوند کے روح کو اس پر اُترتے دیکھا"۔مقدس متی 16:3**

ابھی ابھی یسوع بپتسمہ کے پانیوں سے باہر آیا ہے۔وہ خود خداوند ہے لیکن ہمارے گناہ اپنے اوپر لیتے ہوئے خود کو حلیم بناتا ہے خُدا باپ آسمان کھول دیتا ہے اَور یسوع کو پیار اور روح سے بھر دیتا ہے۔

تُو بھی جب اپنے کسی بھائی کے گناہ کو خود اپنے اوپر لے لیتا ہے تو کیا تو نے اپنے آسمانی باپ کی خوشی محسوس نہیں کی۔

عبرانیوں 1:1-6 زبور:96

## مقدس مرقس 1:14-20

**"میں تمہیں آدم گیر بناؤں گا"۔ مقدس مرقس 1:17**

کلکتہ کی مقدسہ ٹریضہ خود کو خداوند کے ہاتھوں میں ایک چھوٹی سی پنسل کی مانند سمجھتی تھی اور یہ حقیقت ہے کہ خداوند نے اس سے ایک خوبصورت ڈرائینگ بنادی۔ جھیل کے ان غریب اور سادہ مچھروں کے ساتھ اس نے انسانیت کی نجات کی خوبصورت تصویر بنادی۔

آپ بھی اس کے ہاتھوں میں بیش بہا ہو۔ وہ آپ کی ہمہ گیر سپردگی کا انتظار کرتا ہے۔





عبرانیوں 2:5-12 زبور:8

## مقدس مرقس 1:21-28

**"اور وہ اس کی تعلیم سے حیران ہوئے"۔ مقدس مرقس 1:22**

یسوع کی تعلیم ایک ایسی تعلیم ہے۔ جو دل کو چھوتی ہے۔ کیونکہ وہ خدا باپ کی محبت ظاہر کرتی ہے اور نہ صرف کلام کے ذریعے بلکہ اس کی نجات بخش اور آزادی بخش قدرت کا تجربہ کرنے کی طرف لے جاتی ہے۔

شکریہ اَے یسوع تیرا کلام ہمیں تیری محبت محسوس کرنے اور بہت سارے بوجھ اور غلامی سے آزاد کرتا ہے۔

عبرانیوں 2:14-18 زبور: 104

## مقدس مرقس 1:29-39

**''اور وہ عبادت خانوں میں جا کر منادی کرتا اور بدروحوں کو نکالتا رہا''۔ مقدس مرقس 1 : 39**

اے یسوع ہم تجھے اپنے مشن کے مطابق زندگی گزارتے ہوئے دیکھ کر تیری تعریف کرتے ہیں۔ تیری یہ دعا لوگوں کو باپ کی طرف راغب کرنے پر منحصر ہے۔ یہ تیرے کلام کی تکمیل ہے جو دشمن سے آزاد کرتی ہے۔ جو ہمیشہ ان سے زندگی اور شادمانی چھین لینا چاہتا ہے۔

عطا کر کہ میں بھی اپنی چھوٹی سی ہستی میں تیرے اور اپنے بھائیوں کے لئے خود کو مخصوص کرنے میں تیری پیروی کرسکوں۔





عبرانیوں 3:7-14 زبور: 94

## مقدس مرقس 1:40-45

**''مَیں چاہتا ہوں کہ تو پاک صاف ہو جا''۔ مقدس مرقس 1:41**

یسوع اپنے سامنے دوزانوں کوڑھی کو جواب دیتا ہے۔ میں نے کہا تھا اگر تو چاہے تو مجھے پاک صاف کرسکتا ہے۔ مجھے یہ جواب بڑا اطمینان دیتا ہے۔ کیونکہ یہ بڑے واضع طریقے سے یسوع کا پیار دکھاتا ہے۔ ہماری نجات کے لئے اس کی پاک مرضی۔ آج بھی یسوع میری بھلائی ہی چاہتا ہے۔ میں بھی یسوع کی قربت حاصل کرنا چاہتا ہوں تاکہ وہ مجھے پاک اور صاف کرے۔

## مقدس ہیلری

عبرانیوں 4:1-5,11　　زبور: 77

مقدس مرقس 2:1-12

### ''پس آؤ ہم اس آرام میں داخل ہونے کی کوشش کریں''۔عبرانیوں 4:11

کون محنت اور تھکاوٹ کو نہیں جانتا؟ یسوع نے کہا: سب میرے پاس آؤ۔۔۔ میں تمہیں آرام دوں گا۔ اس لئے آئیں ہم یسوع کے پاس چلیں اور اپنے چھوٹوں کو بھی اس کے پاس لے جائیں تاکہ وہ امن اور زندگی کی راہوں پر چلنا سیکھ سکیں اور اُن تحائف کو قبول کریں جو کہ کلیسیاء کے ساکرامنٹ ہیں۔ جن کی ہمیں درحقیقت ضرورت ہے۔





عبرانیوں 4:12-16　　زبور: 18

مقدس مرقس 2:13-17

### ''میں راستبازوں کو نہیں بلکہ گناہگاروں کو بلانے آیا ہوں''۔مقدس مرقس 2:17

کیا مَیں خود کو گنہگار سمجھتا ہوں؟ کیا آپ خود کو گنہگار سمجھتے ہو؟ میں ہوں تم بھی درحقیقت ہو۔ یسوع ہمارے ہی لئے تو آیا ہے۔ وہ خود بھی یہی کہتا ہے۔ اِس لئے کوئی بھی چیز یا طاقت باطنی طور یا بیرونی طور پر ہمیں روک نہیں سکے گی کہ ہم اس کے پاس جائیں کیونکہ ہمیشہ اسی کے پاس گنہگار، لاچار اور بے حال لوگ جاتے ہیں وہ ہم سے گلے ملتا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ ہماری بھلائی چاہتا ہے۔

**اشعیاہ 6-5,3:49** — **زبور 39**

**1 قرنتیوں 3-1:1** — **مقدس یوحنا 34-29:1**

**”میں نے شہادت دی ہے کہ یہ خدا کا بیٹا ہے“۔ مقدس یوحنا 34:1**

یسوع کا گواہ ہونا ہر مسیحی کی ذمہ داری ہے اور میری ذمہ داری بھی۔ آج کی پاک ماس میں میری شمولیت اِس بات کی گواہی دیتی ہے کہ یسوع زندہ اور اپنی کلیسیاء کے اتحاد میں حاضر و ناظر ہے۔ وہ میری زندگی کا سرچشمہ ہے۔ اسی پر میرے کام اور میری محنتوں کی بنیاد ہے۔ وہ میرے ہر قدم کا مرکز ہے اور میرا خداوند میری نجات ہے۔





**عبرانیوں 10-1:5** — **زبور:109**

**مقدس مرقس 22-18:2**

**”بیٹا ہوتے ہوئے بھی اس نے فرمانبرداری کرنا سیکھی“۔ عبرانیوں 8:5**

اے یسوع تو ابدیت میں بیٹا ہے۔ تیری زندگی باپ کے ساتھ ہے اور خوشی سے اسے ہاں کہی۔ انسان بنتے ہوئے تو نے پسریئت سیکھی ہر انسان کی محنت کو اپناتے ہوئے جس کی میراث دُنیا کا گناہ تھی۔ یہی مشقت آج ہم سہہ رہے ہیں اور تو اَے یسوع ہمیں اس میں قائم رکھتا اور فتح یابی عنایت کرتا ہے۔ ہم تجھے اے ہمارے حقیقی بھائی پیار کرتے ہیں۔

## مقدس انتھنی صدر اور راہب

عبرانیوں 6:10-20　　زبور:110

مقدس مرقس 2:23-28

**"یسوع ملکی صادق کے رتبہ کا دائمی کاہن بن گیا" عبرانیوں 6:20**

ملکی صادق ابراہیم کو ایک تحفہ رحمت کے طور پر ملا۔ جس کا وہ منتظر بھی نہیں تھا۔ جس نے خدا کے ساتھ اس کا رابطہ کرنے میں مدد کی۔

اسی طرح یسوع ہمیں دیا گیا ہے۔ ایک کاہن اعظم کی مانند جو باپ سے ہمارا رشتہ حقیقی بیٹوں کی مانند استوار کرتا ہے۔





## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

عبرانیوں 7:1-3,15-17　　زبور 109

مقدس مرقس 3:1-6

**"اِس نے آدمی سے کہا۔ اپنا ہاتھ بڑھا"۔ مقدس مرقس 3:5**

حقیقی محبت کا کام ہمیشہ مہنگا پڑتا ہے۔ یسوع کو دیکھو! اس نے کیوں خداوند کے دن پر ایک غریب کا ہاتھ بحال کیا اس لئے لوگ اُسے مارنا چاہتے تھے۔

مسیحی اتحاد کے ہفتے کی دعا: میں بھی اتحاد کے لئے دُکھ سہنے کو تیار رہونگا۔ سب سے پہلے اس بھائی کے ساتھ جو میرے قریب رہتا ہے۔

## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

عبرانیوں 6:8-25:7 زبور :39

مقدس مرقس 12-7:3

**''وہ انہیں بہت دھمکاتا تھا کہ وہ اسے مشہور نہ کریں'' مقدس مرقس 3 : 12**

بدروحیں چلاتی تھیں کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے تاکہ اگر کوئی سنے تو وہ یسوع پر ایمان نہ لائے۔ ان کے چلانے میں محبت نہیں تھی۔ بلکہ غصہ لیکن یسوع اپنی الوہیت پیار کرنے سے ظاہر کرتا ہے۔ یسوع اپنی ذات کو مکمل طور پر ہمیں تحفے میں دے دینے سے اپنے پیار کو ظاہر کرتا ہے۔ اس محبت کو دیکھ کر (شمعون) قرینی صلیب کے نیچے ایمان لایا اور کہا کہ یہ واقعی خدا کا بیٹا ہے۔ اگر میرے الفاظ محبت سے ادا نہیں کیئے جاتے تو وہ خدا کو ناراض کرتے ہیں۔





## مقدس فیبئن پوپ اور سبسٹین شہید

عبرانیوں 13-6:8 زبور :84

مقدس مرقس 19-13:3

**''اور اس نے بارہ کو مقرر کیا جو اُس کے ساتھ رہیں'' مقدس مرقس 3 : 14**

اے یسوع ان بارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تیرے ساتھ رہیں۔ ایک خوبصورت ذمہ داری میرے لئے اور آپ کے لئے بھی اوّلین ذمہ داری ہے۔ ہم اپنی دُعاؤں کو مسیحیوں کے اتحاد کے لئے وقف کر کے آج خاص محبت کے ساتھ اِس ذمہ داری پر عمل کریں گے۔

## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

## مقدسہ ایگنس کنواری شہیدہ

عبرانیوں 14-11,3-2:9 زبور:46

مقدس مرقس 21-20:3

**"جس نے ازلی روح کے وسیلے سے اپنے آپ کو خدا کے آگے قربان کر دیا"۔ عبرانیوں 14:9**

اَے یسوع تیرا شکریہ۔ جس نے اپنا خون بہا کر خود کو میرے لئے قربان کر دیا۔ میرے گناہوں کے کفارہ کے لئے۔ شکریہ کہ صرف تو بے گناہ نے تمام گنہگاروں کو مخلصی بخشی۔ شکریہ اَے یسوع جس نے روح القدس کی قوت پا کر، اپنی اور باپ کی الٰہی محبت سے متحرک ہو کر یہ سب کچھ کیا۔





## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

## ساراغوشہ کا مقدس ونسنٹ

اشعیاء 3:9-23:8 زبور:26

1۔قرنتھیوں 17,13-10:1 مقدس متی 23-12:4

**"اور وہ خود اپنے جالوں اور باپ کو چھوڑ کر اس کے پیچھے ہو لئے"۔ مقدس متی 22:4**

خداوند یسوعؑ مسیح نے ابھی ناصرت چھوڑا ہے اور دیکھو کہ اس کے پہلے شاگرد اپنے باپ اور اپنے کام کو چھوڑ کر اس کے پیچھے ہو لئے۔

ہم خود اپنے آپ میں سے کچھ چھوڑ کر خوشی سے باپ کے نور جو محبت ہے اسے لے کر چلیں جو کہ مسیحیوں کے اتحاد کے لئے حقیقی حصّہ ہو گا۔

## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

عبرانیوں 28-24,15:9 زبور: 97

مقدس مرقس 30-22:3

**''لیکن جو روح القدس کے خلاف کفر بکے وہ کبھی معافی نہ پائے گا'' مقدس مرقس 29:3**

بالکل اسی طرح ہے جو جان بوجھ کر یسوعؑ مسیح کی محبت کو جانتے ہوئے اس سے انکاری ہوگا اور روح القدس کے خلاف کفر بکے گا۔ وہ کسی کے ذریعے معافی نہ پائے گا؟ آسمان کے تلے کوئی ایسا نام نہیں جس کو مقرر کیا گیا ہے کہ اس کے علاوہ نجات ہو۔





## مسیحی اتحاد کا ہفتہ

## سیلز کا فرانسیس ۔ بشپ اور کلیسیاء کا معلم

عبرانیوں 10-1:10 زبور:39

مقدس مرقس 35-31:3

**''یہ ہےٗ میری ماں اور میرے بھائی'' مقدس مرقس 34:3**

یسوع کی محبت بھری نگاہ ابھی تک ہمارے اوپر ہے۔ کلیسیاء کے مسیحی اتحاد کے لئے دُعا جو آج کل ہمیں مصروف رکھے ہوئے ہے۔ وہ ہمیں اپنے حقیقی خاندان کے طور پہچان لیتا ہےٗ جو کہ اس کے اور اس کی پاک ترین ماں کے ساتھ باپ کی محبت اور دُنیا کی نجات کی تکمیل کر رہا ہے۔ اَے مقدس فرانسیس تو اپنی دعا اور اپنی مثال کے ساتھ ہماری مدد کر رہا ہے۔

## مسیحی اتحاد کے ہفتے کا اختتام

## مقدس پولوس رسول کی تبدیلی

رسولوں کے اعمال 16-3:22 یا رسولوں کے اعمال 22-1:9

زبور: 116 مقدس مرقس 18۔15:16

**''اگر کوئی مہلک شے پیئیں گے تو یہ ان کے لئے ضرر رساں نہ ہوگی''۔مقدس مرقس 18:16**

یسوع کی محبت سے جیت لیا گیا پولوس اب کچھ اور نہیں کرتا کہ یسوع کی منادی بھائیوں میں کرے۔ بڑے بڑے خطرات کا سامنا کرتے اور محنت ومشقت کرتے ہوئے یسوع کی محبت اس کی محافظ تھی۔

اے مقدس پولوس آج خصوصی طور پر ہمارے لئے دُعا کر کہ ہم اس اتحاد کے گواہ ٹھہریں جو یسوع اپنی کلیسیاء کے لئے چاہتا ہے۔





## مقدس تیموتاؤس اور طیطس بشپ

2 تیموتاؤس 1: 1-8 یا 2 تیموتاؤس 1:1-5

زبور:95 مقدس لوقا 10:1-9

**''دیکھو میں تمہیں جیسے برّوں کو بھیڑیوں کے درمیان بھیجتا ہوں''۔مقدس لوقا 3:10**

جب ہم خداوند یسوعؑ مسیح کا پرچار کرتے اور اس کی شہادت دیتے ہیں تو وہ جو اس کام میں ہماری مخالفت کرتے ہیں وہ بھیڑیوں کی مانند ہی ہو سکتے ہیں۔لیکن کیا میں درحقیقت ایک برّہ ہوں؟ شہادت شرط کے طور پر نہیں دینی چاہیے کیونکہ شاید میں بھی کئی دفعہ بھیڑے کا کردار ادا کرتا ہوں یا پھر خدا کے برّے یا شاگرد کا۔

اے مقدس تیموتاؤس اور طیطس جنہوں نے یسوع کا اپنی زندگی کے آخر تک پرچار کیا۔میری آج کی گواہی کے لئے دُعا کریں۔

## مقدسہ انجلا میریچی

**عبرانیوں 39-32:10** زبور:36

**مقدس مرقس 34-26:4**

**"لیکن تنہائی میں اپنے شاگردوں کو سب باتوں کے معنی بتاتا تھا"**

**مقدس مرقس 34:4**

یسوع مجھے اور آپ کو بھی سمجھانے کے لئے تیار ہے۔ وہ صرف روح القدس میں بڑھنے کا انتظار کرتا ہے۔ اس کا کلام ہمیں اس لئے دیا گیا ہے کہ وہ ہم میں محبت کی زندگی کا روپ دھار سکے۔





## مقدس ٹامس اکوئنس معلمِ کلیسیاء

**عبرانیوں 19-8,2-1:11** زبور:33

**مقدس مرقس 41-35:4**

**"ایمان کے سبب سے ابراہیم چلا گیا بغیر جانے کہ وہ کہاں جاتا ہے"۔ عبرانیوں 8:11**

ہمارا آسمانی باپ زندگی سے نوازتے ہوئے آج بھی ہمیں بھیجتا ہے۔ اس لئے بھیجے ہوئے محسوس کریں: جو ان حالات و واقعات میں ذمہ داریاں نبھائیں گے اور سب سے زیادہ محبت و مشقت میں جو برداشت کریں گے۔ ہمیں ان کا کچھ پتہ نہیں لیکن بھروسے اور خوشی سے جائیں کیونکہ وہ ہمارے ساتھ ہے۔

صفن یاہ 13-12:3,3:2 زبور: 145

1 قرنتیوں 31-26:1 مقدس متی 12-1:5

**''خوش ہو اور خوشی کرو کیونکہ آسمان پر تمہارا اجر بڑا ہے''۔ مقدس متی 12:5**

اَے یسوع تو ہمیں خوش رہنے کا حکم دیتا ہے۔ جب تیری پیروی کے دوران مشکلات کا سامنا ہوگا۔ تجھے پتہ ہے کہ وطن میں اور اس زمین پر ہی ایک بہت بڑا امیلہ ہمارا منتظر ہے۔ اَے یسوع میں تیرے وعدے پر یقین رکھتا ہوں۔ اس لئے خوشی سے دُکھ اُٹھاتا ہوں۔





عبرانیوں 40-32:11 زبور 30

مقدس مرقس 20-1:5

**''ان کاموں کا چرچا شروع کیا جو یسوع نے اس کے لئے کئے تھے''۔ مقدس مرقس 20:5**

اَے یسوع تو نے میرے لئے بھی عجیب کام کئے۔ تو نے مجھ غریب و مسکین بے سہارا اور غمگین کو پیار دیا۔ تو صلیب پر مرا تا کہ مجھے ابدی موت سے بچا سکے۔ تو نے میری آنکھیں کھولیں، تا کہ اس دُنیا کے اندھیروں میں تجھے دیکھ سکوں۔ میں سب کو بتانا چاہتا ہوں کہ تو انہیں پیار کرتا ہے۔

## مقدس جان باسکو

عبرانیوں 12:1-4 زبور 21

مقدس مرقس 5:21-43

**"سلامت چلی جا اور اپنی تکلیف سے بچی رہ"۔ مقدس مرقس 5:34**

آئیں ہم بھی اس بیمار عورت کی طرح ہجوم میں اپنا راستہ بناتے ہوئے یسوعؔ مسیح کے پاس جائیں کچھ دیر کے لئے اپنی جلد بازی، خیالات، فکروں اور کاموں کو چھوڑ کر یسوع کے قدموں میں بیٹھیں اور ہم کچھ دیر کے لئے اس کی آنکھوں کی روشنی اور اس کے پیار سے لطف اندوز ہوں پھر وہ خود ہمیں اپنی ذمہ داری دے کر بھیجے گا۔ ایک نئی اور پُر اثر سلامتی کے ساتھ۔

-----------------------------------

-----------------------------------

-----------------------------------

-----------------------------------

-----------------------------------

-----------------------------------

-----------------------------------